10919- مصیبت کے وقت سیاہ لباس پہننا باطل رسم ہے جس کی کوئی دلیل نہیں ملتی

سوال

کیا کسی کے فوت ہونے پر اور خاص کر خاوند کی وفات پر سیاہ لباس پہننا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

مصائب اور تکالیف کے وقت سیاہ لباس پہننا ایک باطل علامت ہے جس کی کوئی دلیل نہیں ملتی ... مصیبت کے وقت انسان کو چاہیے کہ شریعت مطہرہ پر عمل کرے اور وہی اعمال بجا لائے جو شریعت مطہرہ نے مشروع کیے ہیں، لہذا اسے مصیبت کے وقت (انا للہ وانا الیہ راجعون) (یقینا ہم اللہ تعالی کے لیے ہیں اور اسی کی طرف پلٹنے والے ہیں) پڑھے .

اور اس کے ساتھ سنت نبویہ میں وارد شدہ مندرجہ ذیل دعا بھی پڑھے :

(اللھم اجرنی فی مصیبتی، واخلف لی خیرا منھا)

(اے اللہ مجھے میری مصیبت میں اجر دے، اور مجھے اس سے بہتر عطا فرما)

اگر وہ یہ دعائیں ایمان اور اجر وثواب کی نیت سے پڑھتا ہے تو اللہ سبحانہ وتعالی اسے اس پر اجر عطا کرے گا اور اس کے بدلے میں اس سے بھی بہتر چیز عطا فرمائے گا .

لیکن کسی خاص رنگ کا لباس پہننا مثلا سیاہ یا اس طرح کا کوئی اور لباس زیب تن کرنے کی کوئی دلیل نہیں ہے، اور یہ باطل اور مذموم ہے .